عینی کا انگوٹھا

Author: Natasha Sharma
Illustrator: Ruchi Shah
Translator: Reyazuddin

عینی کے لیے دنیا میں سب سے پسندیدہ چیز اس کا انگوٹھا ہے۔ اسے اپنا گول مٹول انگھوٹھا بہت پسند ہے۔ جب وہ بستر پر ہوتی ہے تو انگوٹھا چوستی ہے، جب کلاس میں ہوتی ہے تو انگوٹھا چوستی ہے اور جب جھولا جھولتی ہے تو انگوٹھا چوستی ہے۔ وہ ہر وقت اپنا انگھوٹھا چوستی رہتی ہے۔ اس کی امّی اور ابّو کو یہ بالکل پسند نہیں ہے۔ اس لیے وہ ہر وقت کہتے ہیں،

"عینی! تمہارے انگوٹھے سے بدبو آتی ہے، اپنا انگوٹھا چوسنا بند کرو!"

عینی آج چڑیا گھر آئی ہے۔ اس کی امّی اور ابّو اس کے انگوٹھے کو نہیں دیکھتے ہیں کیونکہ وہ دونوں جانوروں کو دیکھنے میں مگن ہیں۔ عینی کی نظر ایک ہاتھی پر پڑتی ہے۔ وہاں ہاتھی کا ایک بچہ ہے جو اپنی ممّی کے ساتھ پانی سے نہیں کھیل رہا ہے۔ وہ اپنے پاپا کے ساتھ چنگھاڑیں نہیں مار رہا ہے۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کیلے نہیں کھا رہا ہے۔ تو پھر ہاتھی کا بچہ کیا کر رہا ہے؟

وہ اپنا سونڈ چوس رہا ہے... **چُس... چُس**

بس تھوڑی دوری پر ایک ہرن ہے۔ عینی ہرن کے پیارے سے بچے کو دیکھتی ہے۔ وہ بچہ اپنی ماں کے ساتھ جبڑے ہلا ہلا کر نہیں کھا رہا ہے۔ وہ اپنے پاپا کی طرح دوسرے جانوروں کو نہیں دیکھ رہا ہے۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ مستی بھی نہیں کر رہا ہے۔ تو پھر ہرن کا بچہ کیا کر رہا ہے؟ اپنا کُھر چوس رہا ہے... **چُس... چُس**

کچھ دوری پر بندروں کا ایک جھنڈ ہے۔ وہ سبھی شور شرابہ کررہے ہیں۔ عینی بندر کے ایک چھوٹے سے بچے کو دیکھتی ہے۔ وہ اپنی ماں سے نہیں چپک رہا ہے۔ وہ اپنے پاپا کے ساتھ مسخرے کی طرح اداکاری نہیں کررہا ہے۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ آنکھ مچولی بھی نہیں کھیل رہا ہے۔ آخر بندر کا بچہ کیا کررہا ہے؟ وہ اپنا انگھوٹا چوس رہا ہے! ... **چُس ... چُس...**

عینی پانی میں دریائی گھوڑوں کو دیکھتی ہے۔ وہ دریائی گھوڑے کے ایک بچے کو دیکھتی ہے جو اپنی ماں کے ساتھ منہ نہیں پھاڑ رہا ہے۔ وہ اپنے باپ کے ساتھ نہیں چیخ رہا ہے۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ نہیں تیر رہا ہے۔ تو آخر وہ بچہ کیا کر رہا ہے؟ اپنا ہونٹ چوس رہا ہے! ... **چُس ... چُس...**

شیر نے عینی کا غراتے ہوئے استقبال کیا۔ وہاں اس نے شیر کے بچے کو دیکھا۔ وہ نہ اپنی ماں کے ساتھ بیٹھ کر اونگھ رہا ہے اور نہ ہی اپنے باپ کے ساتھ ہوا میں اڑ کر چوٹ لگا رہا ہے۔ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بھاگم بھاگ بھی نہیں کر رہا ہے۔ تو پھر شیر کا بچہ کیا کر رہا ہے؟ وہ اپنا دُم چوس رہا ہے! **...چُس... چُس...**

عینی بیٹھ گئی اور جانوروں کے ان بچوں کے بارے میں سوچنے لگی جو موج مستی نہیں کر رہے تھے۔ عینی اپنے ارد گرد کے لوگوں کو دیکھتی ہے۔ وہ ایک بچے کو اپنے پاپا کے کندھے پر بیٹھ کر ہاتھ ہلاتے ہوئے دیکھتی ہے۔ ایک بچہ ہوا میں مٹھائی اور جوس کا ڈبہ لیے ہوئے کھڑا ہے۔

عینی ایک لڑکی کو فوٹو کھینچتے ہوئے اور ایک بچے کو اپنے کھلونے سے کھیلتے ہوئے دیکھتی ہے۔ سبھی بچے مزے کر رہے ہیں۔ عینی اپنی ناک کے نیچے اپنے مڑے ہوئے ہاتھ کو دیکھتی ہے۔ اس کا انگوٹھا اس کے منہ میں ہے۔ کیا وہ اپنے انگوٹھے کا بہتر استعمال کر سکتی ہے؟

عینی اپنے منہ سے انگوٹھا نکالتی ہے، دوڑ کر اپنی ممّی پاپا کے پاس جاتی ہے۔ اپنا
ہاتھ اوپر اٹھاتی ہے اور اپنی انگلیوں پر گنتی ہے ۱-۲-۳، اچھلتی ہے اور ہوا
میں قلابازیاں کھاتی ہے۔ "**وی ی ی**!" اور بندر کا چھوٹا بچہ جو اسے پیڑ کی
ڈالیوں پر بیٹھا دیکھ رہا تھا، عینی کی طرح اچھلنے کودنے لگتا ہے۔

Story Attribution:

This story: عینی کا انگھوٹھا is translated by Reyazuddin . The © for this translation lies with Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Anaya's Thumb', by Natasha Sharma . © Pratham Books , 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Ainey Ka Angootha' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org. The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

Images Attributions:

Cover page: Girl smiling, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Girl sucking her thumb, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Girl at the zoo, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Deer sucking hoof at zoo, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Monkeys on a tree, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Hippopotamus in water, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Tiger sucking tail, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Girl thinking of animals, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Family outing, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Girl holding parents' hands, by Ruchi Shah © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

The development of this book has been supported by Parag (Promoting Innovative Publishing in Education), an initiative of Tata Trusts.

عینی کا انگھوٹھا

(Urdu)

عینی کو اپنے انگوٹھے سے بہت پیار ہے۔ جب وہ چڑیا گھر جاتی ہے تب اسے پتہ چلتا ہے
جانوروں کے بچوں کو کیا پسند ہے۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!